بہت سارے ٹیکے سے متعلق معلوماتی بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis دیکھیں

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

نمونیائی نبقہ ACWY کے ٹیکے — MenACWY اور MPSV4: آپ کے جاننے لائق باتیں

1 ٹیکہ کیوں لگوائیں؟

نمونیائی نبقہ کا مرض ایک سنگین بیماری ہے جو نیسیریا مینینجائٹیڈیز (*Neisseria meningitidis*) نامی ایک قسم کے جرثومہ سے ہوتا ہے۔ یہ ورم امّ دماغ (دماغ کی پرت اور ریڑھ کی ہڈی کا انفیکشن) اور خون کے انفیکشنز کا باعث بن سکتا ہے۔ نمونیائی نبقہ کا مرض اکثر بغیر انتباہ کے ہوتا ہے—حتی کہ ان لوگوں میں بھی جو بصورت دیگر صحتمند ہیں۔

نمونیائی نبقہ کا مرض ایک فرد سے دوسرے فرد کو قریبی رابطہ (کھانسی یا بوسہ) یا طویل تر رابطہ، خاص طور پر ایک ہی گھرانے میں رہنے والے افراد کے بیچ پھیل سکتا ہے۔

سیروگروپس" نامی *این۔ مینینجائٹیڈیز (N. meningitidis)* کی کم از کم 12 قسمیں ہیں۔ سیروگروپس A, B, C, W اور Y نمونیائی نبقہ کے بیشتر مرض کا باعث بنتے ہیں۔

کسی کو بھی نمونیائی نبقہ کا مرض ہو سکتا ہے لیکن بعض لوگوں میں اضافی خطرہ ہوتا ہے، بشمول:

- ایک سال سے کم عمر کے شیر خوار بچے
- 16 سے لے کر 23 سال کی عمر کے نوجوانان اور نوعمر بالغان
- بعض ایسی طبی کیفیات میں مبتلا افراد جو نظام مامونیت کو متاثر کرتے ہیں
- مائیکروبایولوجسٹس جو معمول کے مطابق *این۔ مینینجائٹیڈیز* کے آئسولیٹس کے ساتھ کام کرتے ہیں
- اپنی کمیونٹی میں کسی وبا کی وجہ سے خطرے میں مبتلا افراد

نمونیائی نبقہ کے مرض کا علاج ہونے پر بھی، یہ 100 میں سے 10 تا 15 افراد کو ہلاک کر دیتا ہے۔ اور جو لوگ بچ جاتے ہیں ان میں سے ہر 100 میں سے قریب 10 تا 20 افراد کو معذوریاں لاحق ہوں گی جیسے سماعت سے محرومی، دماغ کی خرابی، گردے کی خرابی، عضو کاٹنا، اعصابی نظام کے مسائل، یا جلد کی پیوند سے زخم کے شدید نشانات۔

نمونیائی نبقہ ACWY کے ٹیکے سیروگروپس A, C, W اور Y کی وجہ سے ہونے والے نمونیائی نبقہ کے مرض کو روکنے میں معاون ہو سکتے ہیں۔ سیروگروپ B کے خلاف تحفظ میں مدد کے لیے نمونیائی نبقہ کا ایک مختلف ٹیکہ دستیاب ہے۔

2 نمونیائی نبقہ ACWY کے ٹیکے

سیروگروپ A, C, W, and Y کے خلاف تحفظ کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) سے لائسنس یافتہ نمونیائی نبقہ کے ٹیکے کی دو قسمیں: مینن‌گوکوکل کانجوگیٹ ویکسین (**MenACWY**) اور مینن‌گوکوکل پولی سیچرائیڈ ویکسین (**MPSV4**) ہیں۔

MenACWY کی خوراکیں معمول کے مطابق 11 سے لے کر 18 سال تک کی عمر کے نوبالغان کے لیے تجویز کی جاتی ہیں: پہلی خوراک 11 یا 12 سال کی عمر میں، نیز ایک بوسٹر خوراک 16 سال کی عمر میں۔ کچھ نوبالغان، بشمول HIV میں مبتلا افراد کو اضافی خوراکیں لینی چاہئیں۔ اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے مزید معلومات طلب کریں۔

لوگوں کے لیے MenACWY کے ٹیکے کی بھی تجویز کی جاتی ہے:

- سیروگروپ A, C, W یا Y کے نمونیائی نبقہ کے مرض کی وبا کی وجہ سے خطرے میں مبتلا گروپ
- کوئی بھی ایسا فرد جس کی تلّی خراب ہو گئی ہو یا نکال دی گئی ہو
- "مستقل تکمیلی جز کی کمی" (persistent complement component deficiency) نامی نظام مامونیت کی شاذ و نادر کیفیت میں مبتلا کوئی بھی فرد
- eculizumab نامی دوا لینے والا کوئی بھی فرد (جس کو Soliris® بھی کہا جاتا ہے)
- مائیکروبایولوجسٹس جو معمول کے مطابق *این۔ مینینجائٹیڈیز* کے آئسولیٹس کے ساتھ کام کرتے ہیں
- دنیا کے اس حصے کا سفر کرنے، یا وہاں پر رہنے والا کوئی بھی ایسا شخص جہاں پر نمونیائی نبقہ کا مرض عام ہے، جیسے افریقہ کے بعض حصے
- مشترکہ قیام گاہوں میں رہنے والے کالج فریشمین
- U.S. ملٹری کے رنگروٹ

2 اور 23 ماہ کی درمیانی عمر کے بچے، اور بعض طبی کیفیات میں مبتلا افراد کو معقول تحفظ کے لیے متعدد خوراکیں درکار ہوتی ہیں۔ خوراکوں کی تعداد اور اوقات، اور بوسٹر خوراکوں کی ضرورت کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔

MenACWY ان گروپوں کے ان لوگوں کے لیے ترجیحی ٹیکہ ہے جن کی عمر 2 ماہ سے لے کر 55 سال تک ہے، جنہوں نے ازیں قبل MenACWY لیا ہے، یا جنہیں متعدد ٹیکے درکار ہونے کی توقع ہے۔

MPSV4 کی تجویز 55 سال سے زائد عمر کے ان بالغان کے لیے کی جاتی ہے جنہیں صرف ایک واحد خوراک مطلوب ہونے کی توقع ہے (سیاح یا معاشرتی وباء کے دوران)

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

3 کچھ لوگوں کو یہ ٹیکہ نہیں لگوانا چاہیے

آپ کو ٹیکہ لگانے والے شخص کو بتائیں:

- **اگر آپ کو کوئی شدید، جان لیوا الرجیاں ہیں۔**

  اگر آپ کو نمونیائی نبقہ کے ACWY کے ٹیکے کی پچھلی خوراک کے بعد کسی جان لیوا الرجی زا ردعمل کا سامنا ہوا تھا یا اگر آپ کو اس ٹیکے کے کسی بھی حصے کے تئیں شدید الرجی ہوئی تھی تو، آپ کو یہ ٹیکہ نہیں لگوانا چاہیے۔ آپ کا فراہم کنندہ ٹیکے کے اجزاء کے بارے میں آپ کو بتا سکتا ہے۔

- **اگر آپ حاملہ ہیں یا فی الحال دودھ پلا رہی ہیں۔**

  حاملہ خواتین یا دودھ پلانے والی ماؤں کے لیے اس ٹیکے کے امکانی خطرات کے بارے میں کافی زیادہ معلومات نہیں ہے۔ اسے حمل کے دوران صرف واضح طور پر درکار ہونے پر ہی استعمال کیا جانا چاہیے۔

اگر آپ کو کوئی معمولی بیماری، جیسے سردی ہے تو، آپ شاید آج ہی ٹیکہ لگوا سکتے ہیں۔ اگر آپ معتدل یا شدید طور پر بیمار ہیں تو، آپ کو شاید اپنے صحتیاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔

4 ٹیکہ کے ردعمل کے خطرات

ٹیکوں سمیت، کسی بھی دوا کی طرح، ضمنی اثرات کا امکان موجود ہے۔ یہ عام طور پر معمولی ہوتے ہیں اور چند دنوں میں اپنے آپ ختم ہو جاتے ہیں، لیکن سنگین ردعمل بھی ممکن ہیں۔

نمونیائی نبقہ کا ACWY کا ٹیکہ لگوانے لوگوں کی نصف تعداد میں ٹیکہ کاری کے بعد **معمولی مسائل** پیش آتے ہیں، جیسے اس جگہ پر سرخی یا خراش جہاں پر شاٹ لگایا گیا تھا۔ اگر یہ مسائل پیش آتے ہیں تو، وہ عموماً 1 یا 2 دن تک رہتے ہیں۔ وہ MPSV4 کے بعد کی بہ نسبت MenACWY کے بعد زیادہ عام ہیں۔

ٹیکہ لگوانے والے لوگوں کی ایک معمولی تعداد کو ہلکا سا بخار ہو جاتا ہے۔

کسی بھی ٹیکے کے انجیکشن کے بعد پیدا ہو سکنے والے مسائل:

- لوگ کبھی کبھی ٹیکہ کاری سمیت، طبی طریقہ کار کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ قریب 15 منٹ تک بیٹھے رہنے یا لیٹ جانے سے غشی اور گرنے کی وجہ سے پہنچنے والی گزند کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ کو غنودگی محسوس ہوتی ہے، یا بینائی تبدیل ہوگئی ہے، یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔
- کچھ لوگوں کو کندھے میں شدید درد ہوتا ہے اور انہیں شاٹ لگائے جانے کی جگہ پر بازو کو حرکت دینے میں پریشانی ہوتی ہے۔ ایسا کافی شاذ و نادر طور پر ہوتا ہے۔
- کوئی بھی دوا شدید الرجی زا ردعمل کا باعث ہو سکتی ہے۔ ٹیکے کی وجہ سے اس طرح کے ردعمل کافی شاذ و نادر، قریب ایک ملین خوراک میں 1 ہیں اور ٹیکہ لگوانے کے بعد چند منٹوں سے لے کر چند گھنٹوں کے اندر تک ہوں گے۔

کسی بھی دوا کی طرح، ٹیکہ کی وجہ سے سنگین گزند پہنچنے یا موت ہونے کا امکان بہت بعیدی ہے۔

ٹیکوں کے تحفظ پر ہمیشہ نگاہ رکھی جاتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **www.cdc.gov/vaccinesafety/**

5 اگر کوئی سنگین ردعمل ہو تو کیا ہوگا؟

مجھے کس چیز پر نگاہ رکھنی چاہیے؟

- کسی بھی ایسی چیز پر نگاہ رکھیں جس سے آپ کو تشویش لاحق ہو، جیسے شدید الرجی زا ردعمل کی نشانیاں، کافی تیز بخار یا خلاف معمول رویہ۔

شدید الرجی زا ردعمل کی نشانیوں میں شامل ہو سکتے ہیں چھپاکی، چہرے اور گلے کی سوجن، سانس لینے میں پریشانی، دل کی تیز دھڑکن، غنودگی اور کمزوری — عموماً ٹیکہ کاری کے بعد چند منٹوں سے لے کر چند گھنٹوں کے اندر۔

مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- اگر آپ کے خیال میں یہ ایسا شدید الرجی زا ردعمل یا دیگر ہنگامی حالت ہے جس میں انتظار نہیں کیا جا سکتا ہے تو، 9-1-1 پر کال کریں اور قریب ترین ہسپتال میں لے جائیں۔ بصورت دیگر، اپنے ڈاکٹر کو کال کریں۔
- اس کے بعد، "ویکسین ایڈورس ایونٹ رپورٹنگ سسٹم" (ٹیکہ کے ناموافق وقوعہ کی اطلاع دہندگی کا نظام) (VAERS) کو اس ردعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کے ڈاکٹر کو یہ رپورٹ درج کرنی چاہیے یا آپ یہ کام خود سے **www.vaers.hhs.gov** پر VAERS کی ویب سائٹ کی معرفت، یا **1-800-822-7967** پر کال کر کے یہ کام کر سکتے ہیں۔

VAERS طبی مشورہ نہیں دیتا ہے۔

6 نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

National Vaccine Injury Compensation Program (ٹیکہ سے گزند پہنچنے کے سبب معاوضہ کا قومی پروگرام) (VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو بعض ٹیکوں کی وجہ سے مضرت میں مبتلا ہونے والے لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے بنایا گیا تھا۔

جن لوگوں کو اس بات کا یقین ہو کہ انہیں ٹیکہ کي وجہ سے سے گزند پہنچی ہے وہ پروگرام کے بارے میں اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں **1-800-338-2382** یا **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** پر VICP کی ویب سائٹ ملاحظہ کرکے جان سکتے ہیں۔ معاوضہ کے لیے دعوی دائر کرنے کے واسطے ایک مقررہ وقت ہے۔

7 میں مزید کس طرح جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔ وہ آپ کو ویکسین پیکیج انسرٹ دیں گے یا معلومات کے دیگر ذرائع کی تجویز کریں گے یا کریں گی۔
- اپنے مقامی یا ریاستی صحت محکمے کو کال کریں۔
- مرکز برائے ضبط و انسداد امراض (CDC): سے رابطہ کریں۔
  کال کریں
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** پر ملاحظہ کریں

Vaccine Information Statement
Meningococcal ACWY Vaccines

Office Use Only

Urdu

03/31/2016

42 U.S.C. § 300aa-26

Translation provided by the New York City Dept. of Health & Mental Hygiene